## سوال

(314) بندش حیض کی گولیاں استعمال کر کے رمضان کے روزے رکھنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے ماہ رمضان میں بندش حیض کی گولیاں استعمال کیں۔ کیا میں ماہ رمضان کے ان دنوں میں روزے رکھ سکتی ہوں جن میں میں نے یہ گولیاں کھائی ہیں؟ جبکہ میں لوگوں کے ساتھ روزے رکھ رہی ہوں اور نماز ادا کر رہی ہوں کیا ان روزوں سے مجھ پر کچھ لازم ہو گا یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کو ایسی ادویات استعمال کرنا جائز ہے جن سے ان کی ماہواری مؤخر ہو جاتی ہے اس طرح وہ حج و عمرہ کر سکتی ہے اور رمضان کے روزے رکھ سکتی ہے تجھ پر ان دنوں کی قضا کرنا لازم نہیں ہے جن ایام میں گولیاں استعمال کرنے کی وجہ سے حیض مؤخر ہو گیا اور تو نے لوگوں کے ساتھ روزے رکھے۔ (سعودی فتوی کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

## صفحہ نمبر 279

## محدث فتویٰ